SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release

March 16, 2018

For immediate release

ایس ای سی پی نے انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کے انتخاب کے ریگولیشنز جاری کر دیئے

اسلام آباد(مارچ 16) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے کمپنیوں میں خود مختار ڈائریکٹرز کے انتخاب کے طریق کار کے ریگولیشنز کا مسودہ عوامی عوامی آراء کے حصول کے لئے جاری کر دیا ہے۔

کمپنیوں کے بورڈ پر موجود انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کمپنیوں کی کارکردگی بہتر بنانے اور گڈ گورننس کے لئے اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ کمپنیز ایکٹ 2017 میں کمپنیوں کے لئے انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کی اہلیت کا معیار فراہم کر دیا گیا ہے۔ نئے کمپنیز ایکٹ کے مطابق ایس ای سی پی کا منظور شدہ ادارہ، کمپنیوں بطور انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز مقرر ہونے کے اہل افراد کا ایک ڈیٹا بیس ترتیب دے گا اور کمپنیاں اس ڈیٹا بیس میں سے انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کو اپنے بورڈ پر تعینات کر سکیں گی۔

کمپنیز ایکٹ کی مذکورہ شرط کے پیش نظر، ایس ای سی پی نے پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کو انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کا ڈیٹا بیس تشکیل دینے کے لئے نوٹیفائی کیا ہے۔ ایس ای سی پی کے جاری کردہ ریگولیشنز میں اس ڈیٹا بیس سے انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کے انتخاب کا طریق کار اور شرائط وضع کر دی گئیں ہیں۔

ان ریگولیشنز میں درج طریق کار اور اہلیت کے معیار کا مقصد کمپنیوں کے بورڈ پر پیشہ ور اور تجربہ کار ماہرین کے تقرر کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ مزید اس ڈیٹا بیس میں شامل ہونے کے خواہشمند افراد کے لئے بنیادی شرائط، طریق کار اور کمپنیوں اور افراد کے لئے اس ڈیٹا بیس کی معلومات تک رسائی کا طریق کار بھی فراہم کر دیا گیا ہے۔ کمپنیز ایکٹ کی روح کے مطابق انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کی جانچ پڑتال کا حق کمپنیوں کو حاصل رہے گا۔

مذکورہ ریگولیشنز کا مسودہ شرکت داروں اور عوامی آراء کے لئے ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر فراہم کر دیا گیا ہے۔ دلچسپی رکھنے والے افراد و ادارے ان ریگولیشنز پر اپنی آرا اس ای میل ccg@secp.gov.pk پر بھجوا سکتے ہیں۔ ان ریگولیشنز کے نافذ العمل ہونے سے کمپنیوں میں کارپوریٹ گورننس میں بہتری آئے گی۔